۲۔ بزار، المسند، ۷: ۷۱، رقم: ۲۶۲۰
۳۔ طیالسی، المسند: ۸۸، رقم: ۶۳۳
۴۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۳، رقم: ۱۰۰۷
۵۔ حاکم، المستدرک، ۲: ۴۵۲، رقم: ۳۵۶۲
۶۔ مقدسی، الاحادیث المختارہ، ۴: ۱۶۰-۱۶۲، رقم: ۱۳۷۹، ۱۳۸۰
۷۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۴۸۹، ۴۹۰
۸۔ محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ۷۸
یہ حدیث حسن ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

إلیّ منک، و أنتَ أعزُّ عليَّ منها۔(۳۳)

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے (بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں) عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک و سلم! آپ کو میرے اور فاطمہ میں سے کون زیادہ محبوب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: فاطمہ مجھے تم سے زیادہ پیاری ہے، اور تم مجھے اُس سے زیادہ عزیز ہو۔‘‘

۳۴۔ عن ابن أبي نجيح عن أبيه، قال: أخبرني من سمع عليًّا على منبر الکوفة يقول: دخل علينا رسول الله ﷺ فجلس عند رؤوسنا فدعا بإناء فيه ماء فأتى به فدعا فيه بالبرکة ثم رشه علينا، فقلت: يا رسول الله! أنا أحب إليک أم هي؟ قال: هي أحب إلیّ منک و أنت أعز عليّ منها۔(۳۴)

jabir.abbas@yahoo.com

(۳۳) ۱۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۷: ۳۴۳، رقم: ۷۶۷۵

۲۔ ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (۹: ۱۷۳)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے ’الاوسط‘ میں روایت کیا ہے اور اس کی سند میں سلمٰی بن عقبہ کو میں نہیں جانتا جبکہ بقیہ رجال ثقہ ہیں۔

۳۔ ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (۹: ۲۰۲)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے ’الاوسط‘ میں روایت کیا ہے۔

۴۔ حسینی نے ’البیان و التعریف (۲: ۱۱۸، رقم: ۱۲۳۸)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے ’الاوسط‘ میں روایت کیا ہے اور ہیثمی نے کہا ہے کہ اس کے رجال صحیح ہیں۔

۵۔ مناوی نے ’فیض القدیر (۴: ۴۲۲)‘ میں کہا ہے کہ ہیثمی نے اس کے رجال کو صحیح قرار دیا ہے۔

(۳۴) ۱۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۶۳۱، ۶۳۲، رقم: ۱۰۷۶

۲۔ نسائی نے ’السنن الکبریٰ (۵: ۱۵۰، رقم: ۸۵۳۱)‘ میں یہ حدیث مبارکہ مختصراً بیان ←

’’ابن ابی نجیح نے اپنے والد سے روایت کی کہ مجھے اُس شخص نے بتایا جس نے منبرِ کوفہ پر حضرت علی علیہ السلام کو یہ فرماتے ہوئے سنا: رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر تشریف لائے اور ہمارے سرہانے بیٹھ کر پانی کا برتن منگوایا۔ آپ ﷺ نے اس میں برکت کی دعا فرمائی اور ہم پر اس کے چھینٹے مارے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک و سلم! آپ کو مجھ سے زیادہ محبت ہے یا فاطمہ سے؟ فرمایا: مجھے یہ تم سے زیادہ پیاری ہے اور تم مجھے اِس سے زیادہ عزیز ہو۔‘‘

.... کی ہے۔

۳۔ حمیدی، المسند، ۱: ۲۲، رقم: ۳۸

۴۔ شیبانی نے ’الآحاد و المثانی (۵: ۳۶۰، رقم: ۲۹۵۱)‘ میں اسے مختصراً روایت کیا ہے۔

۵۔ ابن جوزی، تذکرۃ الخواص: ۲۷۵، ۲۷۶

۶۔ ابن اثیر نے ’اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ (۷: ۲۱۹)‘ میں مختصراً ذکر کیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فصل: ۱۳

ما كان أحد أشبه بالنبی ﷺ من فاطمة سلام الله علیها فی عاداتها

﴿عادات و اَطوار میں کوئی بھی سیدہ سلام اللہ علیہا سے بڑھ کر حضور ﷺ کی شبیہ نہ تھا﴾

۳۵۔ عن عائشة أم المؤمنين رضی الله عنها، قالت: ما رأيت أحدا أشبه سَمتا و دَلا و هَديا برسول الله ﷺ فی قيامها و قعودها من فاطمة بنت رسول الله ﷺ۔ (۳۵)

''اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی صاحبزادی سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے بڑھ کر کسی کو عادات و اَطوار، سیرت و کردار اور نشست و برخاست میں آپ ﷺ سے مشابہت رکھنے والا نہیں دیکھا۔''

(۳۵) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۷۰۰، رقم: ۳۸۷۲
۲۔ ابوداؤد، السنن، ۴: ۳۵۵، رقم: ۵۲۱۷
۳۔ نسائی، فضائل الصحابہ: ۷۷، ۷۸، رقم: ۲۶۴
۴۔ حاکم، المستدرک، ۴: ۳۰۳، رقم: ۷۷۱۵
۵۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۵: ۹۶
۶۔ ابن سعد نے 'الطبقات الکبریٰ (۲: ۲۴۸)' میں ذرا مختلف الفاظ کے ساتھ حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے۔
۷۔ ابن جوزی، صفة الصفوه، ۲: ۶، ۷
۸۔ محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ۸۳، ۸۵

۳۶۔ عن عائشة أم المؤمنين رضی الله عنها قالت: ما رأيت أحدا من الناس كان أشبه بالنبی ﷺ كلاما و لا حديثا و لا جلسة من فاطمة۔ (۳۶)

''اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے اندازِ گفتگو میں کسی کو بھی سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے بڑھ کر حضور ﷺ سے مشابہت رکھنے والا نہیں دیکھا۔''

۳۷۔ عن أنس بن مالک رضی الله عنه، قال: لم یکن أحد أشبه برسول الله ﷺ من الحسن بن علیّ، و فاطمة صلوات الله علیهم أجمعین۔ (۳۷)

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کوئی بھی شخص حضرت حسن بن علی اور حضرت فاطمۃ الزہراء (سلام اللہ علیہا) سے بڑھ کر حضور ﷺ سے مشابہت رکھنے والا نہیں تھا۔''

۳۸۔ عن عائشة رضی الله عنها قالت: اجتمع نساء النبی ﷺ، فلم یغادر

(۳۶) ۱۔ بخاری، الادب المفرد: ۳۲۶، ۳۳۷، رقم: ۹۴۷، ۹۷۱
۲۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۳۹۱، رقم: ۹۲۳۶
۳۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۵: ۴۰۳، رقم: ۶۹۵۳
۴۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۶۷، ۱۷۴، رقم: ۴۷۳۲، ۴۷۵۳
۵۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۴: ۲۴۲، رقم: ۴۰۸۹
۶۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷: ۱۰۱
۷۔ ابن راہویہ، المسند، ۱: ۸، رقم: ۶
۸۔ ابن عبد البر، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، ۴: ۱۸۹۶
۹۔ ذہبی، سیر اعلام النبلاء، ۲: ۱۲۷
(۳۷) احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۱۶۳

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منهنّ امرأةٌ، فجاءت فاطمة تمشي كأن مِشيتها مِشية رسول الله ﷺ، فقال: مرحباً بابنتي۔ فأجلسها عن يمينه أو عن شماله۔ (۳۸)

''اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی تمام اَزواج جمع تھیں اور کوئی بھی غیر حاضر نہیں تھی۔ اِتنے میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں جن کی چال ہو بہو رسول اللہ ﷺ کے چلنے کے مشابہ تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مرحبا، (خوش آمدید) میری بیٹی! پھر اُنہیں اپنی دائیں یا بائیں جانب بٹھا لیا۔''

---

(۳۸) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۰۵، ۱۹۰۶، رقم: ۲۴۵۰
۲۔ بخاری، الصحیح، ۵: ۲۳۱۷، رقم: ۵۹۲۸
۳۔ ابن ماجہ، السنن، ۱: ۵۱۸، رقم: ۱۶۲۰
۴۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۴: ۲۵۱، رقم: ۷۰۷۸
۵۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۹۶، ۱۴۶، رقم: ۸۳۶۸، ۸۵۱۶، ۸۵۱۷
۶۔ نسائی، فضائل الصحابہ، ۷۷، رقم: ۲۶۳
۷۔ نسائی، کتاب الوفاۃ: ۲۰، رقم: ۲
۸۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۲، ۷۶۳، رقم: ۱۳۴۳
۹۔ شیبانی، الآحاد و المثانی، ۵: ۳۶۸، رقم: ۲۹۶۸
۱۰۔ ابن راہویہ، المسند، ۱: ۶، ۷، رقم: ۵
۱۱۔ طبرانی نے 'المعجم الکبیر (۲۲: ۴۱۶، رقم: ۱۰۳۰)' میں حضرت ابو طفیل رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔
۱۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۱۹، رقم: ۱۰۳۲
۱۳۔ ابن جوزی، صفۃ الصفوۃ، ۲: ۶، ۷
۱۴۔ ابن جوزی، تذکرۃ الخواص: ۲۷۸
۱۵۔ ابن اثیر، اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ، ۷: ۲۱۸
۱۶۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۳۰

۳۹۔ عن مسروق: حدثتني عائشة أم المؤمنين رضی اللہ عنہا، قالت: إنا كنا أزواج النبي ﷺ عنده جميعا، لم تغادر منا واحدة، فأقبلت فاطمة عليها السلام تمشي، ولا و الله ما تخفى مشيتها من مشية رسول الله ﷺ۔ (۳۹)

''حضرت مسروق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ہم حضور نبی اکرم ﷺ کی تمام اَزواجِ مطہرات آپ ﷺ کے پاس جمع تھیں اور کوئی ایک بھی ہم میں سے غیر حاضر نہ تھی، اِتنے میں حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا وہاں آ گئیں، پس اللہ کی قسم اُن کا چلنا حضور ﷺ کے چلنے سے ذرّہ بھر مختلف نہ تھا۔''

---

(۳۹) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۵: ۲۳۱۷، رقم: ۵۹۲۸
۲۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۰۵، رقم: ۲۴۵۰
۳۔ نسائی، فضائل الصحابہ، ۷۷، رقم: ۲۶۳
۴۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۲، رقم: ۱۳۴۲
۵۔ طیالسی، المسند: ۱۹۶، رقم: ۱۳۷۳
۶۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۲: ۲۴۷
۷۔ دولابی، الذریۃ الطاہرۃ: ۱۰۱، ۱۰۲، رقم: ۱۸۸
۸۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۲: ۳۹، ۴۰
۹۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۳۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فصل: ۱۴

رضاء فاطمةَ سلام اللہ علیہا رضاء النبیّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا کی رضا...... مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضا﴾

۴۰۔ عن المِسْوَر بن مَخْرَمَة رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إنما فاطمة شجنة منی یبسطنی ما یبسطها و یقبضنی ما یقبضها۔(۴۰)

''حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک فاطمہ میری شاخِ ثمر بار ہے، جس چیز سے اسے خوشی ہوتی ہے اس چیز سے مجھے بھی خوشی ہوتی ہے اور جس چیز سے اُسے تکلیف پہنچتی ہے اس چیز سے مجھے تکلیف پہنچتی ہے۔''

۴۱۔ عن سعید بن أبان القرشی، قال: دخل عبد اللہ بن حسن بن حسن بن علیّ بن أبی طالب علیٰ عمر بن عبد العزیز، و هو حدث

(۴۰) ۱۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۶۸، رقم: ۴۷۳۴
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۴: ۳۳۲
۳۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۵، رقم: ۱۳۴۷
۴۔ شیبانی، الآحاد و المثانی، ۵: ۳۶۲، رقم: ۲۹۵۶
۵۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۲۵، رقم: ۳۰
۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۹: ۲۰۳
۷۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۳: ۲۰۶
۸۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۳۲
۹۔ عسقلانی، فتح الباری، ۹: ۳۲۹
۱۰۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۲۵۷

http://fb.com/ranajabirabbas

السن و له وفرة، فرفع عمر مجلسه و أقبل علیه، و قضی حوائجه، ثم أخذ عُکْنَةً من عُکَنِه، فغمزها حتی أوجعه، و قال: اذکرها عندک للشفاعة۔ فلما خرج لامَه قومُه و قالوا: فعلت هذا بغلام حدث! فقال: إن الثقة حدثنی حتی کأنی أسمعه من فیّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

إنما فاطمة بضعة منی، یسرّنی ما یسرّها۔

و أنا أعلم أن فاطمة رضی اللہ عنہا لو کانت حیة، لسرَّها ما فعلتُ بابنها۔ قالوا: فما معنی غمزک بطنه، و قولک ما قلت؟ قال: إنه لیس أحد من بنی هاشم إلا و له شفاعة، فرجوت أن أکون فی شفاعة هذا۔(۴۱)

''سعید بن ابان قرشی بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، جو کہ ابھی نو عمر تھے، اپنے ایک کام کے سلسلے میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے ملنے آئے۔ پس (اُن کے آنے پر) حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے اپنی مجلس برخاست کر دی اور اُن کا استقبال کیا اور ان کی ضرورت پوری کی۔ پھر اُن کے پیٹ کے بل کو اس قدر دبایا کہ انہیں درد محسوس ہوئی، اور فرمایا: یہ بات (قیامت کے دن) شفاعت کے وقت یاد رکھنا۔ جب وہ سید چلے گئے

(۴۱) سخاوی، استجلاب ارتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و ذوی الشرف: ۹۶، ۹۷
سخاوی نے اسی کتاب کے 'صفحہ: ۱۵۰' پر اِسی طرح کا ایک واقعہ خود عبد اللہ بن حسن سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں ایک کام کے سلسلے میں عمر بن عبد العزیز کے پاس گیا تو انہوں نے مجھے کہا: جب آپ کو کوئی حاجت پیش آئے تو کوئی آدمی بھیج دیا کریں یا خط لکھ بھیجیں، مجھے اللہ تعالیٰ سے حیاء آتی ہے کہ یوں آپ کو اپنے دروازے پر دیکھوں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو لوگوں نے انہیں ملامت کی اور کہا: آپ نے ایک نوعمر لڑکے کی اتنی آؤ بھگت کی؟ اس پر آپ نے فرمایا: میں نے ایک ثقہ راوی سے حدیث مبارکہ اس طرح سنی ہے کہ گویا میں خود رسول اللہ ﷺ سے سن رہا ہوں (کہ آپ ﷺ فرما رہے ہیں:)

”بے شک! فاطمہ میری جان کا حصہ ہے، جو اِسے خوش کرتا ہے وہ مجھے خوش کرتا ہے۔“

”(پھر حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) میں جانتا ہوں کہ اگر سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا حیات ہوتیں تو وہ اِس عمل سے ضرور خوش ہوتیں جو میں نے اُن کے بیٹے کے ساتھ کیا ہے۔ لوگوں نے پوچھا: آپ کا ان کے پیٹ میں کچوکے لگانے کا کیا مطلب ہے اور جو کچھ آپ نے فرمایا اس سے کیا مراد ہے؟ اس پر حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بنی ہاشم میں ایک شخص بھی ایسا نہیں جسے شفاعت کرنے کا اختیار نہ دیا گیا ہو، پس میں نے چاہا کہ میں اس لڑکے کی شفاعت کا حق دار بنوں۔“

فصل: ۱۵

من أغضب فاطمة سلام الله عليها أغضب النبي ﷺ

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا خفا...... تو مصطفیٰ ﷺ خفا﴾

۴۲۔ عن المِسْوَر بن مَخْرَمَة: أن رسول الله ﷺ قال: فاطمة بَضْعَةٌ مِنّي، فمن أغضبها أغضبني۔ (۴۲)

”حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: فاطمہ میری جان کا حصہ ہے، پس جس نے اُسے ناراض کیا اُس نے مجھے ناراض کیا۔“

---

(۴۲) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۳: ۱۳۶۱، رقم: ۳۵۱۰
۲۔ بخاری، الصحیح، ۳: ۱۳۷۴، رقم: ۳۵۵۶
۳۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۰۳، رقم: ۲۴۴۹
۴۔ ابن ابی شیبہ نے ’المصنف (۶: ۳۸۸، رقم: ۳۲۲۶۹)‘ میں یہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔
۵۔ ابوعوانہ، المسند، ۳: ۷۰، رقم: ۴۲۳۳
۶۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۵: ۳۶۱، رقم: ۲۹۵۴
۷۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۴، رقم: ۱۰۱۲
۸۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۷۲، رقم: ۴۷۴۷
۹۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۳: ۱۴۵، رقم: ۴۳۸۹
۱۰۔ ابن جوزی، صفة الصفوہ، ۲: ۷
۱۱۔ ابن بشکوال، غوامض الاسماء المبہمہ، ۱: ۳۳۱
۱۲۔ عسقلانی، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ۸: ۵۶

←

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فاطمة بَضعَة مِّنّي، يؤذيني ما آذاها، و يُنصِبُني ما أنصبها۔ (٤٥)

''حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک! فاطمہ میری جان کا حصہ ہے، اُسے تکلیف دینے والی چیز مجھے تکلیف دیتی ہے، اور اِسے مشقت میں ڈالنے والا مجھے مشقت میں ڈالتا ہے۔''

٤٦۔ عن أبي حنظلة رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول الله ﷺ: إنما فاطمة بضعة مني، فمن آذاها فقد آذاني۔ (٤٦)

''حضرت ابو حنظلہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک! فاطمہ میری جان کا حصہ ہے، جس نے اُسے ستایا اُس نے مجھے ستایا۔''

---

(٤٥) ١۔ ترمذی نے یہ حسن صحیح حدیث 'الجامع الصحیح (٥: ٦٩٨، رقم: ٣٨٦٩)' میں روایت کی ہے۔

٢۔ احمد بن حنبل، المسند، ٤: ٥

٣۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ٢: ٧٥٦، رقم: ١٣٢٧

٤۔ حاکم، المستدرک، ٣: ١٧٣، رقم: ٤٧٥١

٥۔ مقدسی، الاحادیث المختارہ، ٩: ٣١٤، ٣١٥، رقم: ٢٧٤

٦۔ عسقلانی، فتح الباری، ٩: ٣٢٩

٧۔ شوکانی، در السحابہ فی مناقب القرابۃ والصحابہ: ٢٧٤

(٤٦) ١۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ٢: ٧٥٥، رقم: ١٣٢٤

٢۔ احمد بن حنبل نے 'فضائل الصحابہ (٢: ٧٥٦، رقم: ١٣٢٧)' میں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے بھی کی ہے۔

٣۔ احمد بن حنبل، المسند، ٤: ٥

٤۔ حاکم، المستدرک، ٣: ١٧٣، رقم: ٤٧٥٠

٥۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ٥: ٣٦٢، رقم: ٢٩٥٧

٦۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ٢٢: ٤٠٥، رقم: ١٠١٣

٧۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ١٠: ٢٠١

فصل: ١٨

عدوّ لفاطمة سلام اللہ علیہا عدوّ للنبي ﷺ

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کا دشمن ...... مصطفیٰ ﷺ کا دشمن﴾

٤٧۔ عن زيد بن أرقم رضی اللہ عنہ، أنّ رسول الله ﷺ قال لعليّ و فاطمة و الحسن و الحسين علیہم السلام: أنا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُم، وَ سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُم۔ (٤٧)

''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین علیہم السلام سے فرمایا: میں اُس سے لڑوں گا جس سے تم لڑو گے، اور جس سے تم صلح کرو گے میں اُس سے صلح کروں گا۔''

٤٨۔ عن زيد بن أرقم رضی اللہ عنہ أن النبي ﷺ قال لفاطمة و الحسن و

---

(٤٧) ١۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ٥: ٦٩٩، رقم: ٣٨٧٠

٢۔ ابن ماجہ، السنن، ١: ٥٢، رقم: ١٤٥

٣۔ حاکم، المستدرک، ٣: ١٦١، رقم: ٤٧١٤

٤۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ٣: ٤٠، رقم: ٢٦١٩، ٢٦٢٠

٥۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ٥: ١٨٤، رقم: ٥٠٣٠، ٥٠٣١

٦۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ٥: ١٨٢، رقم: ٥٠١٥

٧۔ محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ٦٢

٨۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ٢: ١٢٥

٩۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ١٠: ٤٣٢

١٠۔ مزی، تہذیب الکمال، ١٣: ١١٢

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحسین: أنا حَربٌ لِمَنْ حَارَبَکُمْ وَ سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَکُمْ۔ (۴۸)

''حضرت زید بن ارقم ؓ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین ؓ سے فرمایا: جو تم سے لڑے گا میں اُس سے لڑوں گا اور جو تم سے صلح کرے گا میں اُس سے صلح کروں گا۔''

۴۹۔ عن أبي هریرة ؓ قال: نظر النبي ﷺ إلی عليّ و فاطمة و الحسن و الحسین، فقال أنا حَربٌ لِمَنْ حَارَبَکُمْ وَ سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَکُمْ۔ (۴۹)

''حضرت ابو ہریرہ ؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت

(۴۸) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۵: ۴۳۴، رقم: ۶۹۷۷
۲۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۳: ۱۷۹، رقم: ۲۸۵۴
۳۔ طبرانی، المعجم الصغیر، ۲: ۵۳، رقم: ۷۶۷
۴۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۹: ۱۶۹)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے 'الاوسط' میں روایت کیا ہے۔
۵۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۵۵۵، رقم: ۲۲۴۴
۶۔ محاملی، الامالی: ۴۴۷، رقم: ۵۳۲
۷۔ ابن اثیر، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ۷: ۲۲۰
(۴۹) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۴۴۲
۲۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۷، رقم: ۱۳۵۰
۳۔ حاکم نے 'المستدرک (۳: ۱۶۱، رقم: ۴۷۱۳)' میں اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے جبکہ ذہبی نے اس بارے میں خاموشی اختیار کی ہے۔
۴۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۳: ۴۰، رقم: ۲۶۲۱
۵۔ خطیب بغدادی، تاریخ بغداد، ۷: ۱۳۷
۶۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۲۲

علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین ؓ کی طرف نظرِ التفات کی اور اِرشاد فرمایا: جو تم سے لڑے گا میں اس سے لڑوں گا، جو تم سے صلح کرے گا میں اُس سے صلح کروں گا (یعنی جو تمہارا دشمن وہ میرا دشمن اور جو تمہارا دوست ہے وہ میرا بھی دوست ہے)۔''

۷۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۳: ۲۵۷، ۲۵۸
۸۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۹: ۱۶۹)' میں کہا ہے کہ اسے احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے راوی تلید بن سلیمان کے بارے میں اختلاف ہے، جبکہ اس کے بقیہ رجال حدیث صحیح کے رجال ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فصل : ١٩

من أبغض أهل بیت فاطمة سلام اللہ علیہا فقد دخل النار و لعن اللہ عزوجل علیه

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا کے گھرانے کا دُشمن منافق، لعنتی اور دوزخی ہے﴾

٥٠۔ عن أبی سعید الخدری رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: من أبغضنا أهل البیت فهو منافق۔(٥٠)

’’حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ہم اہلِ بیت سے بُغض رکھا تو وہ منافق ہے۔‘‘

٥١۔ عن زرّ قال: قال علیّ رضی اللہ عنہ: لا یحبنا منافق و لا یبغضنا مؤمن۔(٥١)

’’حضرت زرّ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: منافق شخص کبھی بھی ہمارے ساتھ محبت نہیں کرتا اور مومن شخص کبھی بھی ہمارے ساتھ بُغض نہیں رکھتا۔‘‘

٥٢۔ عن جابر بن عبد اللہ الأنصاری رضی اللہ عنہما قال: خطبنا رسول

(٥٠)١۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ٢: ٦٦١، رقم: ١١٢٦
٢۔ محب طبری، الریاض النضرہ فی مناقب العشرہ، ١: ٣٦٢
٣۔ محب طبری، ذخائر العقبٰی فی مناقب ذوی القربٰی: ٥١
٤۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ٧: ٣٤٩
(٥١) ابن ابی شیبہ، المصنف، ٦: ٣٧٢، رقم: ٣٢١١٦

اللہ ﷺ و هو یقول: أیها الناس! من أبغضنا أهل البیت حشره اللہ یوم القیامة یهودیا۔ فقلت: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! و إن صام و صلی؟ قال: و إن صام و صلی۔(٥٢)

’’حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں خطبہ اِرشاد فرمایا، آپ ﷺ فرما رہے تھے: ’’جس نے ہم اہلِ بیت کے ساتھ بُغض رکھا روزِ قیامت اُس کا حشر یہودیوں کے ساتھ ہوگا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! اگرچہ وہ روزہ رکھے اور نماز (بھی) پڑھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اگر چہ وہ روزہ رکھے اور نماز (بھی) پڑھے (اِس کے باوُجود دُشمنِ اہلِ بیت ہونے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اُس کی عبادات کو رَدّ فرما کر اُسے یہودیوں کے ساتھ اُٹھائے گا)۔‘‘

٥٣۔ عن أبی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ ﷺ: و الذی نفسی بیده! لا یبغضنا أهل البیت أحد إلا أدخله اللہ النار۔(٥٣)

’’حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا: خدا کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ہم اہلِ بیت سے بُغض رکھنے

(٥٢)١۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ٤: ٢١٢، رقم: ٤٠٠٢
٢۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ٩: ١٧٢
٣۔ جرجانی، تاریخ جرجان: ٣٦٩
(٥٣)١۔ حاکم، المستدرک، ٣: ١٦٢، رقم: ٤٧١٧
٢۔ ابن حبان، الصحیح، ١٥: ٤٣٥، رقم: ٦٩٧٨
٣۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ٢: ١٢٣
حاکم کے نزدیک یہ حدیث امام مسلم کی شرائط کے مطابق صحیح ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

والا کوئی ایک شخص بھی ایسا نہیں کہ جسے اللہ تعالیٰ جہنم میں نہ ڈالے۔"

٥٤۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال: قال رسول اللہ ﷺ: لو أن رجلا صف بین الرکن و المقام، فصلی و صام، ثم لقی اللہ و ہو مبغض لأہل بیت محمد دخل النار۔(٥٤)

"حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی شخص کعبۃ اللہ کے پاس رُکنِ یمانی اور مقامِ ابراہیم کے درمیان کھڑا ہو کر نماز پڑھے اور روزہ (بھی) رکھے اور پھر وہ اس حال میں مرے کہ اہلِ بیت سے بغض رکھتا ہو تو وہ شخص جہنم میں جائے گا۔"

٥٥۔ عن معاویة بن خُدیج، عن الحسن بن علیّ رضی اللہ عنہما، أنہ قال لہ: یا معاویة بن خُدیج! إیاک و بُغضَنا، فإن رسول اللہ ﷺ قال: لا یُبغِضُنا و لا یَحسُدُنا أحد إلا ذِیدَ عن الحوض یوم القیامة بِسیاطٍ من نارٍ۔(٥٥)

"حضرت معاویہ بن حدیج نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اے معاویہ بن حدیج! ہمارے ساتھ بغض رکھنے سے بچے رہنا، کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا فرمانِ اقدس ہے: ہمارے ساتھ بغض و حسد رکھنے والا کوئی ایک شخص بھی ایسا نہیں کہ جسے قیامت کے دن حوضِ کوثر سے آگ کے دُرّے سے دھتکارا نہ جائے۔"

(٥٤) ١۔ محب طبری، ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربی: ٥١
٢۔ فسوی، المعرفة و التاریخ، ١: ٥٠٥
(٥٥) ١۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ٣: ٣٩، رقم: ٢٤٠٥
٢۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ٣: ٨١، رقم: ٢٧٢٦

http://fb.com/ranajabirabbas

فصل: ٢٠

أسرَّ النبی ﷺ إلی فاطمة الزهراء سلام اللہ علیہا

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا ...... رازدارِ مصطفیٰ ﷺ﴾

٥٦۔ عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت: اجتمع نساء النبی ﷺ، فلم یغادر منہنّ امرأةٌ، فجاءت فاطمة تمشی کأن مِشیتہا مشیة رسول اللہ ﷺ، فقال: مرحباً بابنتی۔ فأجلسہا عن یمینہ أو عن شمالہ، ثم إنہ أسرّ إلیہا حدیثا فبکت فاطمة، ثم إنّہ سارّہا فضحکت أیضا، فقلتُ لہا: ما یُبکیکِ؟ فقالت: ماکنتُ لأُفشِیَ سِرَّ رسولِ اللہ ﷺ۔ فقلتُ: ما رأیت کالیوم فرحاً أقربُ من حزنٍ۔ فقلتُ لہا حین بکتْ: أخَصَّکِ رسول اللہ ﷺ بحدیثہ دوننا ثم تَبکِینَ؟ و سألتہا عما قال، فقالتْ: ما کنتُ لأُفشِیَ سِرَّ رسول اللہ ﷺ۔ حتی إذا قُبِضَ سألتُہا، فقالتْ: إنّہ کان حدَّثَنی أنّ جبریل کان یعارضہ بالقرآن کل عامٍ مرّةً، و إنّہ عارَضَہ بہ فی العام مرّتین، ولا أرانی إلا قد حضر أجلی، و إنکِ أوَّلُ أہلی لُحوقا بی، و نِعمَ السلف أنا لکِ۔ فبکیتُ لذلک. ثم إنّہ سارّنی، فقال: ألا ترضَینَ أن تکونی سیدةَ نساء المؤمنینَ، أو سیدةَ نساء ہذہ الأمة۔ فضحکتُ لذلکِ۔(٥٦)

"اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی

(٥٦) ١۔ مسلم، الصحیح، ٤: ١٩٠٥، ١٩٠٦، رقم: ٢٤٥٠
٢۔ بخاری، الصحیح، ٥: ٢٣١٧، رقم: ٥٩٢٨
٣۔ ابن ماجہ، السنن، ١: ٥١٨، رقم: ١٦٢٠

←

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اکرم ﷺ کی تمام اَزواج جمع تھیں اور کوئی بھی غیر حاضر نہیں تھی۔ اِتنے میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا وہاں آ گئیں جن کی چال بالکل رسول اللہ ﷺ کے چلنے کے مشابہ تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مرحبا، (خوش آمدید) میری بیٹی! پھر اُنہیں اپنی دائیں یا بائیں جانب بٹھا لیا، پھر آپ ﷺ نے اُن سے چپکے سے کوئی بات کہی تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا رونے لگیں، پھر چپکے سے کوئی بات کہی تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہنسنے لگیں۔ میں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: آپ کس وجہ سے روئیں؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کا راز اِفشاء نہیں کروں گی۔ میں نے کہا: میں نے آج کی طرح کوئی خوشی، غم سے اتنی قریب نہیں دیکھی۔ میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے ہمارے بغیر خصوصیت کے ساتھ آپ سے کوئی بات کی ہے، پھر بھی آپ رو رہی ہیں، اور میں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا:

...... ٤۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ٤: ٢٥١، رقم: ٨٠٧٨

٥۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ٥: ٩٦، ١٤٦، رقم: ٨٣٦٨، ٨٥١٦، ٨٥١٧

٦۔ نسائی، فضائل الصحابہ، ٧٧، رقم: ٢٦٣

٧۔ نسائی، کتاب الوفاۃ: ٢٠، رقم: ٢

٨۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ٢: ٧٦٢، ٧٦٣، رقم: ١٣٤٣

٩۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ٥: ٣٦٨، رقم: ٢٩٦٨

١٠۔ ابن راہویہ، المسند، ١: ٦، ٧، رقم: ٥

١١۔ طبرانی نے 'المعجم الکبیر (٢٢: ٤١٦، رقم: ١٠٣٠)' میں حضرت ابو طفیل رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

١٢۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ٢٢: ٤١٩، رقم: ١٠٣٣

١٣۔ ابن جوزی، صفة الصفوہ، ٢: ٦، ٧

١٤۔ ابن جوزی، تذکرۃ الخواص: ٢٧٨

١٥۔ ابن اثیر، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ٧: ٢١٨

١٦۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ٢: ١٣٠

حضور ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟ تو اُنہوں نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کا راز اِفشاء نہیں کروں گی حتی کہ جب رسول اللہ ﷺ کا وِصال مبارک ہو گیا تو میں نے پھر پوچھا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: آپ ﷺ نے (پہلی بار) یہ فرمایا تھا کہ جبرائیل مجھ سے ہر سال ایک بار قرآن مجید کا دَور کرتے تھے، اور اس سال اُنہوں نے مجھ سے دو (٢) بار قرآن مجید کا دَور کیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ اب میرا وِصال کا وقت آ گیا ہے، اور میرے بعد میرے اہل میں سے سب سے پہلے تم مجھے ملو گی اور میں تمہارے لئے بہترین پیش رَو ہوں۔ تب میں رونے لگی، پھر آپ ﷺ نے سرگوشی کی اور فرمایا: کیا تم اس بات پر خوش نہیں کہ تم تمام مؤمن عورتوں کی سردار ہو، یا میری اِس اُمت کی عورتوں کی سردار ہو! تو میں اِس وجہ سے ہنس پڑی۔"

٥٧۔ عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت: دعا النبیُّ ﷺ فاطمة ابنته فی شَکْواه الذی قُبِضَ فیها، فسارّها بشیئ فبکتْ، ثم دعاها فسارّها فضحکتْ، قالت: فسألتُها عن ذٰلک، فقالت: سارّنی النبی ﷺ فأخبرنی: أنّه یُقبَض فی وَجَعِه الذی تُوُفِّیَ فیه، فبکیتُ، ثم سارّنی فأخبرنی: أنّی أول أهلِ بیته أتْبَعُهُ، فضحکتُ۔ (٥٧)

"حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے

(٥٧) ١۔ بخاری، الصحیح، ٣: ١٣٦١، رقم: ٣٥١١

٢۔ بخاری، الصحیح، ٣: ١٣٢٧، رقم: ٣٤٢٧

٣۔ بخاری، الصحیح، ٤: ١٦١٢، رقم: ٤١٧٠

٤۔ مسلم، الصحیح، ٤: ١٩٠٤، رقم: ٢٤٥٠

٥۔ نسائی، فضائل الصحابہ: ٧٧، رقم: ٢٦٢

٦۔ احمد بن حنبل، المسند، ٦: ٧٧

٧۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ٢: ٧٥٤، رقم: ١٣٢٢

←

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنے مرضِ وصال میں اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور پھر اُن سے سرگوشی فرمائی تو وہ رونے لگیں۔ پھر اُنہیں قریب بلا کر سرگوشی فرمائی تو وہ ہنس پڑیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے اس بارے میں سیدہ سلام اللہ علیہا سے پوچھا تو اُنہوں نے بتایا: حضور نبی اکرم ﷺ نے میرے کان میں فرمایا کہ آپ ﷺ کا اسی مرض میں وِصال ہو جائے گا۔ پس میں رونے لگی، پھر آپ ﷺ نے سرگوشی کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ میرے اہلِ بیت میں سب سے پہلے تم میرے بعد آؤ گی۔ اس پر میں ہنس پڑی۔''

۵۸۔ عن عائشة رضي الله عنها قالت: بينما أنا مع رسول الله ﷺ في بيت يلاعبني و ألاعبه إذ دخلت علينا فاطمة، فأخذ رسول الله ﷺ بيدها فأقعدها خلفه و ناجاها بشيء لا أدري ما هو، فنظرت إلى فاطمة تبكي، ثم أقبل إليّ رسول الله ﷺ فحدثني و لاعبني، ثم أقبل عليها فلاعبها و ناجاها بشيء، فنظرتُ إلى فاطمة و إذا هي تضحك، فقام رسول الله ﷺ فخرج، فقلت لفاطمة: ما الذي ناجاك به رسول الله ﷺ؟ قالت: ليس كلاماً أسرّ إلى رسول الله ﷺ أخبرك به،

٨۔ ابن حبان، الصحیح، ١٥: ٤٠٤، رقم: ٦٩٥٤
٩۔ ابو یعلی، المسند، ١٢: ١٢٣، رقم: ٦٧٥٥
١٠۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ٢٢: ٤٢٠، رقم: ١٠٣٦
١١۔ دولابی، الذریۃ الطاہرۃ: ١٠٠، رقم: ١٨٥
١٢۔ مزی، تہذیب الکمال، ٣٥: ٢٥٢
١٣۔ اصبہانی، دلائل النبوۃ: ٩٨
١٤۔ ذہبی نے 'معجم المحدثین (ص: ١٣، ١٤)' میں اسے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے متفق علیہ حدیث قرار دیا ہے۔

قلت: أذكرك الله و الرحم، قالت: أخبرني: أنه مقبوض قد حضر أجله، فبكيتُ لفراق رسول الله ﷺ، ثم أقبل إليّ فناجاني: أني أوّل من لحق به من أهل بيته، فضحكت للقاء رسول الله ﷺ۔(٥٨)

''سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ گھر میں تھی، ہم آپس میں مزاح کر رہے تھے۔ اتنے میں سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں۔ آپ ﷺ نے اُن کا ہاتھ پکڑا اور اپنے پیچھے بٹھا لیا اور کچھ سرگوشی فرمائی۔ مجھے اس کا علم نہیں کہ کیا سرگوشی تھی۔ پھر میں نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی طرف دیکھا تو وہ رو رہی تھیں، پھر رسول اللہ ﷺ میری طرف متوجہ ہوئے، مجھ سے بات چیت کی۔ پھر اُن کی طرف متوجہ ہوئے اور اُن سے مزاح فرمایا اور سرگوشی کی۔ میں نے دیکھا کہ فاطمہ ہنس رہی ہیں۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ اُٹھ کر باہر تشریف لے گئے تو میں نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے پوچھا: آپ سے رسول اللہ ﷺ نے کیا سرگوشی فرمائی؟ وہ بولیں: جو بات آپ ﷺ نے مجھے چپکے سے بتائی، میں آپ کو نہیں بتاؤں گی۔ میں نے کہا: میں آپ کو اللہ تعالیٰ اور قرابت داری کا واسطہ دیتی ہوں۔ وہ بولیں: آپ ﷺ نے مجھے اپنی وفات کا بتایا کہ آپ کا وقت آ پہنچا ہے۔ پس میں آپ ﷺ کی جدائی پر رو پڑی، آپ ﷺ پھر میری طرف متوجہ ہوئے اور مجھے چپکے سے بتایا کہ اہلِ بیت میں سے سب سے پہلے میں آپ ﷺ سے ملوں گی۔ تو میں آپ ﷺ کی ملاقات کی (آس میں) ہنس پڑی۔''

(٥٨) طبرانی، المعجم الکبیر، ٢٢: ٤٢٠، رقم: ١٠٣٥

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فصل : ۲۱

فاطمة سلام الله عليها شجنة من النبی ﷺ

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا ...... شجرِ رِسالت کی شاخِ ثمر بار﴾

۵۹۔ عن المسور قال: قال رسول الله ﷺ: فاطمة شجنة منی يبسطنی ما بسطها و يقبضنی ما قبضها۔(۵۹)

"حضرت مسور ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فاطمہ میری شاخِ ثمربار ہے، اس کی خوشی مجھے خوش کرتی ہے اور اُس کی پریشانی مجھے پریشان کر دیتی ہے۔"

۶۰۔ عن ابن عباس رضی الله عنهما رفعه: أنا شجرة، و فاطمة حَمْلُها، و عليٌّ لِقاحُها، و الحسن و الحسين ثَمرتها، و المُحِبُّوْنَ أهل البيت

(۵۹) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۴: ۳۳۲
۲۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۵، رقم: ۱۳۴۷
۳۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۶۸، رقم: ۴۷۴۷
۴۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۵: ۳۶۲، رقم: ۲۹۵۶
۵۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۲۵، رقم: ۳۰
۶۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۵، رقم: ۱۰۱۴
۷۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۹: ۲۰۳)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے، اور اُم بکر بنت مسور پر جرح کی گئی نہ کسی نے اُسے ثقہ قرار دیا، جبکہ اس کے بقیہ رجال کو ثقہ قرار دیا گیا ہے۔
۸۔ ذہبی، سیر اعلام النبلاء، ۲: ۱۳۲

ورقُها، من الجَنَّة حقاً حقاً۔(۶۰)

"حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً حدیث مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "میں درخت ہوں، فاطمہ اُس کی ٹہنی ہے، علی اُس کا شگوفہ اور حسن و حسین اُس کا پھل ہیں اور اہلِ بیت سے محبت کرنے والے اُس کے پتے ہیں، یہ سب جنت میں ہوں گے، یہ حق ہے حق ہے۔"

(۶۰) ۱۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۱: ۵۲، رقم: ۱۳۵
۲۔ سخاوی، استجلاب ارتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول ﷺ و ذوی الشرف: ۹۹

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۶۴۔ قال رسول الله ﷺ: یا أنس! أتدری ما جاءنی به جبریل من صاحب العرش؟ قال: إن الله أمرنی أن أزوج فاطمة من علیّ۔ (۶۴)

”حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے انس! کیا تم جانتے ہو کہ جبرئیل میرے پاس صاحبِ عرش کا کیا پیغام لائے ہیں؟ پھر فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں فاطمہ کا نکاح علی سے کردوں۔“

(۶۴) ا۔ حسینی نے 'البیان و التعریف (۲: ۳۰۱، رقم: ۱۸۰۳)' میں کہا ہے کہ اسے قزوینی، خطیب بغدادی اور ابن عساکر نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔
۲۔ محب طبری، ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربیٰ: ۷۱

فصل: ۲۴

حفل زفاف فاطمة سلام الله علیها فی الملأ الأعلیٰ و مشارکة أربعین ألف ملک فیه

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا کا ملاء اعلیٰ میں نکاح، اور چالیس ہزار ملائکہ کی شرکت﴾

۶۵۔ عن أنس رضی الله عنه، قال: بینما رسول الله ﷺ فی المسجد، إذ قال ﷺ لعلیّ: هذا جبریل یخبرنی أن الله عزوجل زوجک فاطمة، و أشهد علی تزویجک أربعین ألف ملک، و أوحی إلی شجرة طوبی أن انثری علیهم الدر والیاقوت، فنثرت علیهم الدر و الیاقوت، فابتدرت إلیه الحور العین یلتقطن من أطباق الدر و الیاقوت، فهم یتهادونه بینهم إلی یوم القیامة۔ (۶۵)

”حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ”رسول اللہ ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: یہ جبرئیل ہے جو مجھے یہ بتا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فاطمہ سے تمہاری شادی کر دی ہے اور تمہارے نکاح پر چالیس ہزار فرشتوں کو گواہ کے طور پر مجلسِ نکاح میں شریک کیا گیا، اور شجر ہائے طوبیٰ سے فرمایا: ان پر موتی اور یاقوت نچھاور کرو۔ پھر دلکش آنکھوں والی حوریں اُن موتیوں اور

(۶۵) ا۔ محب طبری نے 'الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ (۳: ۱۴۶)' میں کہا ہے کہ اسے ملاء نے 'السیرۃ' میں روایت کیا ہے۔
۲۔ محب طبری، ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربیٰ: ۷۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

یاقوتوں سے تھال بھرنے لگیں، جنہیں (تقریبِ نکاح میں شرکت کرنے والے) فرشتے قیامت تک ایک دوسرے کو بطورِ تحفہ دیں گے۔''

۶۶۔ عن عليّ ؓ قال: قال رسول الله ﷺ: أتاني ملَكٌ، فقال: يا محمد! إن الله تعالى يقرأ عليک السلام، و يقول لک: إني قد زوجتُ فاطمة ابنتک من عليّ بن أبي طالب في الملأ الأعلى، فزَوِّجها منه في الأرض۔ (۶۶)

''حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس ایک فرشتے نے آ کر کہا: اے محمد! اللہ تعالیٰ نے آپ پر سلام بھیجا ہے اور فرمایا ہے: ''میں نے آپ کی بیٹی فاطمہ کا نکاح ملاءِ اَعلیٰ میں علی بن اَبی طالب سے کر دیا ہے، پس آپ زمین پر بھی فاطمہ کا نکاح علی سے کر دیں۔''

(۶۶) محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ۷۲

فصل: ۲۵

دُعاء النبي ﷺ لفاطمة سلام الله عليها و ذُرّيتها

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا اور آپ کی نسلِ مبارک کے حق میں حضور ﷺ کی دعائے برکت﴾

۶۷۔ عن أنس بن مالک ؓ، قال: دعا رسول الله ﷺ لفاطمة: اللهم! إني أعيذها بک و ذرّيتها من الشيطان الرجيم۔ (۶۷)

''حضرت انس بن مالک ؓ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لئے خصوصی دعا فرمائی: باری تعالیٰ! میں (اپنی) اِس (بیٹی) اور اِس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتا ہوں۔''

۶۸۔ عن بريدة ؓ، قال: فلما كان ليلة البناء، قال: يا عليّ! لا تحدث شيئا حتى تلقاني، فدعا النبي ﷺ بماء فتوضأ منه ثم أفرغه على عليّ، فقال: اللّهم! بارک فيهما و بارک عليهما و بارک لهما في شبلهما۔

(۶۷) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۵: ۳۹۴، ۳۹۵، رقم: ۶۹۴۴
۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۹، رقم: ۱۰۲۱
۳۔ احمد بن حنبل نے 'فضائل الصحابہ (۲: ۷۶۲، رقم: ۱۳۴۲)' میں یہ حدیث حضرت اَسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے ذرا مختلف الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے۔
۴۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۵۴۹۔۵۵۱، رقم: ۲۲۲۵
۵۔ ابن جوزی نے 'تذکرۃ الخواص (ص: ۲۷۷)' میں مختصراً روایت کیا ہے۔
۶۔ محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ۶۷

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

و فی روایة عنه: و بارک لهما فی نسلهما۔ (۶۸)

''حضرت بریدہ ؓ سے روایت ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہما کی شادی کی رات حضرت علی ؓ سے فرمایا: مجھے ملے بغیر کوئی عمل نہ کرنا۔ پھر آپ ﷺ نے پانی منگوایا، اُس سے وضو کیا، پھر حضرت علی ؓ پر پانی ڈال کر فرمایا: اے اللہ! اِن دونوں کے حق میں برکت اور اِن دونوں پر برکت نازل فرما اور اِن دونوں کے لئے اِن کی اَولاد میں برکت عطا فرما۔''

حضرت بریدہ ؓ سے ہی مروی ایک دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں:
''اِن دونوں کے لئے ان کی نسل میں بھی برکت مقدر فرما دے۔''

---

(۶۸) ۱۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۶: ۷۶، رقم: ۱۰۰۸۸
۲۔ نسائی، عمل الیوم و اللیلۃ: ۲۵۳، رقم: ۲۵۸
۳۔ رویانی، المسند، ۱: ۷۷، رقم: ۳۵
۴۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲: ۲۰، رقم: ۱۱۵۳
۵۔ ابن اثیر، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ۷: ۲۱۷
۶۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۸: ۲۱
۷۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۹: ۲۰۹)' میں کہا ہے کہ اسے بزار اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور ان کے رجال عبدالکریم بن سلیط کے رجال ہیں، جنہیں ابن حبان نے ثقہ قرار دیا ہے۔
۸۔ عسقلانی نے 'الاصابہ فی تمییز الصحابہ (۸: ۵۶)' میں کہا ہے کہ اسے دولابی نے سندِ جید کے ساتھ روایت کیا ہے۔
۹۔ دولابی، الذریۃ الطاہرۃ: ۶۵، رقم: ۹۴
۱۰۔ محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ۴۷
۱۱۔ مزی نے 'تہذیب الکمال (۱۷: ۷۶)' میں یہ روایت ذرا مختلف الفاظ کے ساتھ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اِسے نسائی نے 'الیوم و اللیلۃ' میں روایت کیا ہے۔

فصل: ۲۶

لم يُؤذن لعلیّ بزواجٍ ثانٍ فی حیاة فاطمة الزهراء سلام اللہ علیہا

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا کی حیات میں حضرت علی ؓ کو دوسری شادی کی اِجازت نہ تھی﴾

۶۹۔ أن المسور بن مخرمة حدثه، أنه سمع رسول اللہ ﷺ علی المنبر، و هو يقول: إن بنی هشام بن المغیرة استأذنونی أن يُنكحوا ابنتهم، علیّ بن أبی طالب، فلا آذن لهم، ثم لا آذن لهم، ثم لا آذن لهم۔ و قال ﷺ: فإنما ابنتی بضعة منی، يَرِيبُنی ما رابها و يؤذينی ما آذاها۔ (۶۹)

''حضرت مسور بن مخرمہ ؓ نے یہ بات سنائی کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا: بنی ہشام بن مغیرہ نے اپنی بیٹی کا علی سے

---

(۶۹) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۰۲، رقم: ۲۴۴۹
۲۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۶۹۸، رقم: ۳۸۶۷
۳۔ ابو داود، السنن، ۲: ۲۲۶، رقم: ۲۰۷۱
۴۔ ابن ماجہ، السنن، ۱: ۶۴۳، رقم: ۱۹۹۸
۵۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۱۴۷، رقم: ۸۵۱۸
۶۔ احمد بن حنبل، المسند، ۴: ۳۲۸
۷۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۵۶، رقم: ۱۳۲۸
۸۔ ابو عوانہ، المسند، ۳: ۶۹، ۷۰، رقم: ۴۲۳۱
۹۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷: ۳۰۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رشتہ کرنے کی مجھ سے اجازت مانگی ہے، میں ان کو اجازت نہیں دیتا، پھر میں ان کو اجازت نہیں دیتا، پھر میں ان کو اجازت نہیں دیتا۔ اور حضور ﷺ نے یہ بھی فرمایا: میری بیٹی (فاطمہ) میری جان کا حصہ ہے، اُس کی پریشانی مجھے پریشان کرتی ہے اور اُس کی تکلیف مجھے تکلیف دیتی ہے۔"

۷۰۔ أن المسور بن مخرمة قال: قال رسول الله ﷺ: إن فاطمة بضعة مني، و إني أكره أن يسوءها، و الله لا تجتمع بنت رسول الله ﷺ و بنت عدو الله عند رجل واحد۔(۷۰)

"حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک! فاطمہ میری جان کا حصہ ہے اور میں یہ بات پسند نہیں کرتا کہ کوئی شخص اسے ناراض کرے۔ خدا کی قسم کسی شخص کے پاس رسول اللہ اور دشمنِ خدا کی بیٹیاں جمع نہیں ہوسکتیں۔"

۱۰۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۱۰: ۲۸۸

۱۱۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۳: ۱۸۴

۱۲۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۷: ۳۲۵

۱۳۔ ابن جوزی، صفۃ الصفوہ، ۲: ۷

۱۴۔ محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ۷۹، ۸۰

۱۵۔ ابن اثیر، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ۷: ۲۱۷

۱۶۔ شوکانی، در السحابہ فی مناقب القرابۃ والصحابہ: ۲۷۴

(۷۰) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۳: ۱۳۶۴، رقم: ۳۵۲۳

۲۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۰۳، رقم: ۲۴۴۸

۳۔ ابن ماجہ، السنن، ۱: ۶۴۴، رقم: ۱۹۹۹

۴۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۵۹، رقم: ۱۳۳۵

۵۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۵: ۴۰۷، ۴۰۸، ۵۳۵، رقم: ۶۹۵۶، ۶۹۵۷، ۷۰۶۰

←

فصل : ۲۷

ورّث النبي ﷺ أوصافه لإبناء فاطمة الزهرا سلام الله عليها

﴿اَولادِ فاطمہ سلام اللہ علیہم...... وارِثانِ اَوصافِ مصطفیٰ ﷺ﴾

۷۱۔ عن فاطمة بنت رسول الله ﷺ أنها أتت بالحسن و الحسين إلى رسول الله ﷺ في شكواه الذي توفي فيه، فقالت: يا رسول الله صلى الله عليك وسلم! هذان ابناك فورثهما شيئا، فقال: أما الحسن فله هيبتي و سؤددي، و أما حسين فله جرأتي و جودي۔(۷۱)

"سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا بنتِ رسول اللہ ﷺ بیان کرتی ہیں کہ میں حضور

۶۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۱۸، ۱۹، رقم: ۱۸، ۱۹

۷۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۵، رقم: ۱۰۱۳

۸۔ طبرانی، المعجم الصغیر، ۲: ۷۳، رقم: ۸۰۴

۹۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۹: ۲۰۳

۱۰۔ دولابی، الذریۃ الطاہرہ: ۴۷، ۴۸، رقم: ۵۶

(۷۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۲۳، رقم: ۱۰۴۱

۲۔ طبرانی نے 'المعجم الاوسط (۶: ۲۲۲، ۲۲۳، رقم: ۶۲۴۵)' میں اس حدیث کو حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

۳۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۱: ۲۹۹، رقم: ۴۰۸

۴۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۵: ۳۷۰، رقم: ۲۹۷۱

۵۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۹: ۱۸۵)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے، جبکہ میں اس کے راویوں کو نہیں جانتا۔

←

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نبی اکرم ﷺ کے مرضِ وصال میں حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کو لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی، اور عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! یہ دونوں آپ کے بیٹے ہیں، انہیں کسی چیز کا وارث بنا دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: حسن کے لئے میری ہیبت (رُعب) اور سرداری ہے، جبکہ حسین کے لیے میری جرأت اور سخاوت ہے۔"

۶۔ عسقلانی، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ۷: ۶۷۳
۷۔ عسقلانی، تہذیب التہذیب، ۲: ۲۹۹
۸۔ مزی، تہذیب الکمال، ۶: ۴۰۰
۹۔ ہندی، کنز العمال، ۱۲: ۱۱۷، رقم: ۳۴۲۷۲

فصل : ۲۸

ذُرية فاطمة سلام اللہ علیہا ذُرية النبی ﷺ

﴿اَولادِ فاطمہ سلام اللہ علیہم ...... ذُرّیتِ مصطفیٰ ﷺ﴾

۷۲۔ عن فاطمة الزهراء رضی اللہ عنہا، قالت: قال رسول اللہ ﷺ: كل بني أمٍّ يَنْتَمُوْنَ إلى عصبة إلا ولد فاطمة، فأنا وَلِيُّهُم، و أنا عصبتهم۔ (۷۲)

"حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر ماں کی اَولاد اپنے باپ کی طرف منسوب ہوتی ہے، سوائے فاطمہ کی اَولاد کے۔ پس میں ہی اُن کا ولی ہوں اور میں ہی اُن کا نسب ہوں۔"

(۷۲) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۳: ۴۴، رقم: ۲۶۳۲
۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۲۳، رقم: ۱۰۴۲
۳۔ ابو یعلیٰ، المسند، ۱۲: ۱۰۹، رقم: ۶۷۴۱
۴۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۳: ۲۶۴، رقم: ۴۷۸۷
۵۔ خطیب بغدادی کی 'تاریخ بغداد (۱۱: ۲۸۵)' میں بیان کردہ روایت میں وَلِیُّهُم کی بجائے أبُوْهُم (اُن کا باپ) کے الفاظ ہیں۔
۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۴: ۲۲۴
۷۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۹: ۱۷۲، ۱۷۳
۸۔ مزی، تہذیب الکمال، ۱۹: ۴۸۳
۹۔ ہندی، کنز العمال، ۱۲: ۱۱۶، رقم: ۳۴۲۶۶
۱۰۔ سخاوی، استجلاب ارتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول ﷺ و ذوی الشرف: ۱۲۹
۱۱۔ صنعانی، سبل السلام، ۴: ۹۹
۱۲۔ مناوی، فیض القدیر، ۵: ۱۷
۱۳۔ عجلونی، کشف الخفاء و مزیل الالباس، ۲: ۱۵۷، رقم: ۱۹۶۸

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۷۳۔ عن عمر رضی اللہ عنہ، قال: سمعتُ رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يقول: كل بني أنثى فإن عصبتهم لأبيهم ما خلا ولد فاطمة، فإني أنا عصبتهم و أنا أبوهم۔ (۷۳)

’’حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ہر عورت کی اولاد کا نسب اپنے باپ کی طرف سے ہوتا ہے سوائے اولادِ فاطمہ کے، کہ میں ہی اُن کا نسب ہوں اور میں ہی اُن کا باپ ہوں۔‘‘

۷۴۔ عن جابر رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لكل بني أم عصبة ينتمون إليهم إلا ابني فاطمة، فأنا وليهما و عصبتهما۔ (۷۴)

’’حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر ماں کی اَولاد کا عصبہ (باپ) ہوتا ہے جس کی طرف وہ منسوب ہوتی ہے، سوائے فاطمہ کے بیٹوں کے، کہ میں ہی اُن کا ولی اور میں ہی اُن کا نسب ہوں۔‘‘

(۷۳) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۳:۴۴، رقم: ۲۶۳۱
۲۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲:۶۲۶، رقم: ۱۰۷۰
۳۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۴:۲۲۴
۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۶:۳۰۱
۵۔ سخاوی نے ’اِستجلاب اِرتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و ذوي الشرف (ص:۱۲۷)‘ میں طبرانی کی بیان کردہ روایت نقل کی ہے، اور اس کے رجال کو ثقہ قرار دیا ہے۔
۶۔ حسینی، البیان والتعریف، ۲:۱۴۴، رقم: ۱۳۱۴
۷۔ شوکانی، نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار، ۶:۱۳۹
۸۔ مناوی، فیض القدیر، ۵:۱۷
(۷۴) ۱۔ حاکم، المستدرک، ۳:۱۷۹، رقم: ۴۷۷۰
۲۔ سخاوی، اِستجلاب اِرتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و ذوی الشرف: ۱۳۰

http://fb.com/ranajabirabbas

فصل: ۲۹

ينقطع كل نسب و سبب يوم القيامة إلا نسب فاطمة سلام اللہ علیہا و سببها

﴿روزِ محشر نسبِ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے سوا ہر نسب منقطع ہو جائے گا﴾

۷۵۔ عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ: إني سمعت رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يقول: كل نسب و سبب ينقطع يوم القيامة إلا ما كان من سببي و نسبي۔ (۷۵)

’’حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: ’’میرے نسب اور رشتہ کے سوا قیامت کے

(۷۵) ۱۔ حاکم، المستدرک، ۳:۱۵۳، رقم: ۴۶۸۴
۲۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۶۲۵، ۶۲۶، رقم: ۱۰۶۹، ۱۰۷۰
۳۔ احمد بن حنبل نے ’فضائل الصحابہ (۲:۷۵۸، رقم:۱۳۳۳)‘ میں یہ حدیث مسور بن مخرمہ سے بھی روایت کی ہے۔
۴۔ بزار، المسند، ۱:۳۹۷، رقم: ۲۷۴
۵۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۳:۴۴، ۴۵، رقم: ۲۶۳۳، ۲۶۳۴
۶۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۵:۳۷۶، رقم: ۵۶۰۶
۷۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۶:۳۵۷، رقم: ۶۶۰۹
۸۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۳:۲۵۵، رقم: ۴۷۵۵
۹۔ مقدسی، الأحادیث المختارہ، ۱: ۱۹۸، رقم: ۱۰۲
۱۰۔ ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (۹:۱۷۳)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے ’الأوسط‘ اور ’الکبیر‘ میں روایت کیا ہے، اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔
۱۱۔ عبدالرزاق، المصنف، ۶:۱۶۳، ۱۶۴، رقم: ۱۰۳۵۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

دن ہر نسب اور رشتہ منقطع ہو جائے گا۔“

٧٦۔ عن عبد الله بن الزبير رضی الله عنه، قال: قال رسول الله ﷺ: كل نسب و صهر منقطع يوم القيامة إلا نسبي و صهري۔ (٧٦)

”حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

١٢۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ٧: ٦٣، ٦٤، ١١٤

١٣۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ٨: ٤٦٣

١٤۔ دولابی، الذریۃ الطاہرہ: ١١٥، ١١٦

١٥۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ٧: ٣١٤

١٦۔ خطیب بغدادی، تاریخ بغداد، ٦: ١٨٢

١٧۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ٣: ٢٥٦

١٨۔ سخاوی، إستجلاب إرتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول ﷺ و ذوی الشرف: ١٢٦، ١٢٧، ١٢٩

١٩۔ حسینی، البیان والتعریف، ١: ٢٠٥، رقم: ١٣١٦

(٧٦) ١۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ٤: ٢٥٧، رقم: ٤١٣٢

٢۔ طبرانی نے ’المعجم الکبیر (١١: ٢٤٣، رقم: ١١٦٢١)‘ میں اِس مفہوم کی روایت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے لی ہے۔

٣۔ طبرانی نے ’المعجم الکبیر (٢٠: ٢٧، رقم: ٣٣)‘ میں حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث بھی بیان کی ہے۔

٤۔ خلال نے ’السنۃ (٢: ٤٣٣، ٦٥٥)‘ میں مسور بن مخرمہ سے مروی حدیث کی إسناد کو حسن قرار دیا ہے۔

٥۔ خطیب بغدادی نے ’تاریخ بغداد (١٠: ٢٧١)‘ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔

٦۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ١٠: ١٧

٧۔ عسقلانی، تلخیص الحبیر، ٣: ١٤٣، رقم: ١٤٧٧

نے فرمایا: قیامت کے دن ہر نسب و تعلق منقطع ہو جائے گا سوائے میرے نسب اور تعلق کے۔“

٧٧۔ عن ابن عباس رضی الله عنهما أن رسول الله ﷺ قال: كل سبب و نسب منقطع يوم القيامة إلا سببي و نسبي۔ (٧٧)

”حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے رشتہ اور نسب کے سوا قیامت کے دن ہر رشتہ اور نسب منقطع ہو جائے گا۔“

(٧٧) ١۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ١١: ٢٤٣، رقم: ١١٦٢١

٢۔ ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (٩: ١٧٣)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔

٣۔ خطیب بغدادی، تاریخ بغداد، ١٠: ٢٧١

٤۔ سخاوی، إستجلاب إرتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول ﷺ و ذوی الشرف: ١٣٣

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فصل : ۳۰

إنّها أول أهلِ النبی ﷺ لحوقاً به بعد وفاته

﴿وِصالِ مصطفیٰ ﷺ کے بعد سب سے پہلے سیدہ سلام اللہ علیہا ہی آپ ﷺ سے ملیں﴾

۷۸۔ عن عائشة رضی الله عنها، قالت: دعا النبیُّ ﷺ فاطمة ابنتَهُ فی شَکْواهُ التی قُبِضَ فیها، فسارّها بشیءٍ فبکت، ثم دعاها فسارّها فضحکتْ، قالت: فسألتُها عن ذٰلک، فقالت: سارّنی النبیُّ ﷺ فأخبرنی أنه یُقبَضُ فی وجَعِهِ الذی تُوُفّی فیه، فبکیتُ، ثم سارّنی فأخبرنی أنّی أوّلُ أهلِ بیته أتبَعُه، فضحکْتُ۔(۷۸)

’’اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ

(۷۸) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۳: ۱۳۲۷، ۱۳۶۱، رقم: ۳۴۲۷، ۳۵۱۱
۲۔ بخاری، الصحیح، ۴: ۱۶۱۲، رقم: ۴۱۷۰
۳۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۰۴، رقم: ۲۴۵۰
۴۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۹۵، رقم: ۸۳۶۶
۵۔ نسائی، فضائل الصحابہ: ۷۷، رقم: ۲۶۲
۶۔ احمد بن حنبل، المسند، ۶: ۲۴۰، ۲۸۲
۷۔ احمد بن حنبل، نے ’المسند (۶: ۲۸۳)‘ میں یہی حدیث جعفر بن عمرو بن اُمیہ سے بھی روایت کی ہے۔
۸۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۵۴، رقم: ۱۳۲۲
۹۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۵: ۴۰۳، رقم: ۶۹۵۴
۱۰۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۳۸۸، رقم: ۳۲۲۷۰
۱۱۔ ابو یعلی، المسند، ۱۲: ۱۲، رقم: ۶۷۵۵

←

http://fb.com/ranajabirabbas

نے اپنی صاحبزادی سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کو اپنے مرضِ وِصال میں بلایا، پھر سرگوشی کے انداز میں اُن سے کوئی بات کہی تو وہ رونے لگیں، پھر نزدیک بلا کر سرگوشی کی تو وہ ہنس پڑیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے اِس بارے میں اُن سے پوچھا تو اُنہوں نے بتایا: حضور نبی اکرم ﷺ نے سرگوشی کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ اسی مرض میں میری وفات ہو جائے گی تو میں رونے لگی، پھر آپ ﷺ نے سرگوشی کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ ان کے گھر والوں میں سب سے پہلی میں ہوں جو آپ ﷺ کے پیچھے آپ ﷺ سے جا ملوں گی، تو میں ہنس پڑی۔‘‘

۷۹۔ عن عائشة رضی الله عنها، عن فاطمة رضی الله عنها: أن النبی ﷺ قال لها: أنتِ أوّلُ أهلی لُحوقاً بی، فضحکتُ لذالک۔(۷۹)

’’حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت کی کہ حضور نبیٔ اکرم ﷺ نے اُنہیں فرمایا: میرے اہلِ بیت میں سے (میرے وصال کے بعد) تم سب سے پہلے مجھے ملو گی، تو میں اس خوشی پر ہنس پڑی۔‘‘

۸۰۔ عن ابن عباس رضی الله عنهما، قال: قال رسول الله ﷺ لفاطمة رضی الله عنها: أنتِ أوّلُ أهلی لحوقاً بی۔(۸۰)

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ

۱۲۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۳: ۱۸۲
۱۳۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۲۱، رقم: ۱۰۳۷
۱۴۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۲: ۲۴۷
۱۵۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۳۱
(۷۹) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۲۶۹، رقم: ۳۵۹۸۰
۲۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۵: ۳۵۷، ۳۵۸، رقم: ۲۹۴۲۔ ۲۹۴۵
(۸۰) ۱۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۴، رقم: ۱۳۴۵

←

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: میرے گھر والوں میں سے سب سے پہلے تو مجھ سے ملے گی۔''

۸۱۔ عن ابن عباس ﷺ، قال: لما نزلت ﴿إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللهِ وَ الْفَتْحُ﴾ دعا رسول الله ﷺ فاطمة، فقال: قد نعيت إلي نفسي، فبكت، فقال: لا تبكي، فإنك أول أهلي لاحق بي، فضحكت فرآها بعض أزواج النبي ﷺ، فقلن: يا فاطمة! رأيناك بكيت، ثم ضحكت، قالت: إنه أخبرني أنه قد نعيت إليه نفسه فبكيت، فقال لي: لا تبكي، فإنك أول أهلي لاحق بي فضحكت۔(۸۱)

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ جب آیت ...... جب اللہ کی مدد اور فتح آ پہنچے ...... نازل ہوئی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور فرمایا: میری وفات کی خبر آ گئی ہے۔ وہ رو پڑیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مت رو، بے شک تو میرے گھر والوں میں سب سے پہلے مجھ سے آ ملے گی؛ تو وہ ہنس پڑیں، اس بات کو آپ ﷺ کی بعض بیویوں نے بھی دیکھا۔ اُنہوں نے کہا: فاطمہ! (کیا ماجرا ہے)، ہم نے تجھے پہلے روتے اور پھر ہنستے ہوئے دیکھا؟ وہ بولیں: حضور ﷺ نے مجھے بتایا: میری وفات کا وقت آ پہنچا ہے۔ (اِس پر) میں رو پڑی، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: مت رو، تو میرے خاندان میں سے سب سے پہلے مجھے ملنے والی ہے، تو میں ہنس پڑی۔''

...... ۲۔ احمد بن حنبل نے 'العلل و معرفۃ الرجال (۲: ۳۰۸، رقم: ۲۸۲۸)' میں جعفر بن عمر بن اُمیہ سے بھی روایت کی ہے۔

۳۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیا، ۲: ۴۰

(۸۱) ۱۔ دارمی، السنن، ۱: ۵۱، رقم: ۷۹

۲۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۴: ۵۶۱

فصل: ۳۱

إنها علمت بوفاتها

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا کا اپنے وِصال سے باخبر ہونا﴾

